# نومبر 2025ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

اکتوبر 2025 کے پہلے عشرے میں ملک کے بیشتر زرعی علاقوں بلخصوص پنجاب، سندھ، خیبر پختونخواہ اور آزاد کشمیر میں معمول سے زیادہ بارشیں ہوئی۔ نومبر کے مہینے میں گلگت بلتستان، خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر، خطہ ءپوٹھوہار اور شمال مشرقی پنجاب کے علاقوں میں معمول سے کم بارش متوقع ہے۔ اِس دوران پنجاب کے میدانی علاقوں میں دھند/سموگ بھی متوقع ہے۔

**کسانوں کیلئے ماہ نومبر میں مندرجہ ذیل زرعی موسمیاتی مشورے، بہت اہم ہیں۔**

ا۔ ربیع کی فصلوں کی بوائی کا آغاز اکتوبر کے وسط سے شروع ہو چکا ہے۔ گندم اس موسم کی اہم ترین فصل ہے۔ نومبر گندم کی بوائی کا مہینہ ہے اس لئے فصل کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کیلئے موزوں منصوبہ بندی کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بہترین پیداوار حاصل کرنے کیلئے بہتر ہے کہ گندم کی کاشت نومبر کے وسط تک ہر صورت مکمل کر لی جائے۔

۲۔ ایسے بارانی علاقوں میں جہاں زمین میں مناسب حد تک نمی موجود نہیں اور بارش کا بھی مستقبل میں کوئی خاص امکان نہیں ہے بہتر ہے کہ گندم کے بیج کو ایک رات پہلے پانی میں بھگو دیا جائے اور صبح سویرے کاشت کر دیا جائے۔ گندم کے بیج کو بوائی سے پہلے دوائی لگانا ہر گز نہ بھولیں۔ بارش کے امکان کی صورت میں وتر سے استفادہ کیا جائے اور محکمہ زراعت کے سفارش کردہ بیج بروقت کاشت کریں۔

۳۔ موجودہ موسمی صورت حال کو مد نظر رکھتے ہوئے نہری علاقوں کے کاشتکار دھان اور کپاس سے خالی ہوئی زمینوں پر جلد از جلد گندم کی کاشت مکمل کر لیں۔ کیونکہ گندم کو دیر سے کاشت کرنے سے پیداوار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

۴۔ محکمہ زراعت مختلف فصلوں کے ساتھ گندم کی مخلوط کاشت کا مشورہ دیتا ہے۔ بیک وقت کھیت میں ایک سے زیادہ فصلوں کا ہونا مخلوط کہلاتا ہے۔ نہری یا زیادہ بارش کے علاقوں میں یہ طریقہ قابل عمل ہے کیونکہ پودوں کیلئے پانی وافر مقدار میں موجود ہوتا ہے۔ اس دوران کسان حضرات دیگر موسمی سبزیاں، باغات، دالیں (چنا، مسور) اور روغندار اجناس (کینولا، رایا، سرسوں اور تارا میرا) کی بھی کاشت بروقت کر لیں۔

۵۔ اس سال نومبر میں پنجاب کے میدانی علاقوں میں دھند پڑنے کا امکان ہے۔ جس کی وجہ سے چنے اور سبزیات میں مخصوص بیماریوں کا خطرہ ہوتا ہے۔ کسان حضرات محکمہ ءزراعت کی منظور شدہ ادویات کا سپرے کر کے فصل کو بیماریوں سے بچا سکتے ہیں۔

۶۔ زراعت کی کامیابی میں موسمی حالات کا بہت عمل دخل ہے اور بہتر حکمت عملی سے غیر موزوں موسمی حالات سے بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ محکمہ ءموسمیات کی پیشگوئی کو ملحوظِ خاطر رکھ کر محکمہ زراعت کے ماہرین کی مشاورت سے اپنے معمولات طے کریں۔

۷۔ کسان حضرات محکمہ موسمیات کے یوٹیوب چینل (PMD weatherTV)، ویب سائٹ اور ایپ (PAK weather) سے منسلک رہیں۔ اگر کوئی زرعی موسمیاتی مسئلہ درپیش ہو تو ہمارے مندرجہ ذیل دفاتر سے آپ بخوبی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔


ا۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل ویدر فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 4- 051 -9250363

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔ فون نمبر: 0305-3097337

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211205

ویب سائٹ: www.pmd.gov.pk

یوٹیوب چینل: https://www.youtube.com/channel/UCDQNcQuQsk12ku9DGfBDosw

ایپ: https://play.google.com/store/apps/details?id=com.pmd.kissan